Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو درپیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر وہی عشق

از قلم حفصہ ملک

اسکا فون کب سے بج رہا تھا اسنے فون پر روشن ہونے والا نمبر دیکھا اور کال نہیں اٹھائی۔اب چوتھی بار کا آرہی تھی جو بھی تھا وہ اس سے بھی زیادہ ضدی تھا۔۔آخر اسنے تنگ آکر کال اٹھا ہی لی اور بیزاری سے بولی "ہاں جی کیا بات ہے کب سے کیوں کال کر رہی ہو"۔۔"ہاں مجھے پتا تھا تم نے اس لیے کال کی ہو گی میں نے کل بھی تم سے کہا تھا میں نہیں آوں گی پارٹی میں تو پھر کیوں فورس کر رہی ہو" اسنے بگاڑتے ہوئے جواب دیا۔۔ "افففف اچھا آرہی ہوں زیادہ ایموشنل بلیک میل کرنے کی ضرورت نہیں ہے" اس نے مسکراتے ہوئے کہا اور واش روم گھس گئی۔۔

10 منٹ بعد وہ واش روم سے نکلی وہ اب تیار ہو رہی تھی۔اسنے بلیک فراق پہن رکھا تھا اور وہ ہلکے پھلکے میک اپ میں پیاری لگ رہی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھی وہ زیادہ وائٹ تو نہیں تھی لیکن گندمی رنگت میں تیکھے نین نقش کے ساتھ وہ بری بھی نہیں لگ رہی تھی۔۔

ہاں تو امثال تم اتنے نخرے کیوں کر رہی تھی میں نہیں آرہی "آخر" میں اس نے امثال کی نکل اتاری۔۔ "بس یار میرا موڈ نہیں تھا تم نے کہا تو آگئ" اسنے سیریئز ہو کر کہا۔ "اچھا اب تم آکر مجھ پر احسان جتا رہی ہو!" اس نے امثال سے جھوٹ موٹ کا خفا ہوتے ہوئے کہا۔۔ "نہیں انفا ایسی بات نہیں ہے تم اپنا یہ ناٹک ختم کرو ناراضگی والا" امثال نے ہنستے ہوئے کہا تو انفا بھی اسکے ساتھ ہنسنے لگی۔۔ تبھی وہ وہاں داخل ہوا اسنے امثال کو ہنستے دیکھا تو وہاں رک کر اسے کچھ پل کے لیے دیکھنے لگا اور آگے بڑھ گیا۔ انفا اور امثال آپس میں باتیں کرنے لگ گئے۔۔ اچانک مائیک میں کسی کے بولنے کی آواز آئ تو سب اسی طرف متوجہ ہوئے "ہیلو ایوری ون میں آپ سب کا زیادہ ٹائم

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں لوں گا آپ سب اس طرح اچانک کی پارٹی پر حیران ہونگے اور آپ سب کے دماغ میں یہ بھی سوالات ہوں گے کہ اس پارٹی کی وجہ کیا ہے اصل میں میں نے اور انس نے سوچا کہ ہم لوگ ہر وقت تو اپنے کام میں بزی ہوتے ہیں تو ہر ایک ماہ بعد یہ پارٹی ہو گی ریفریشمنٹ کے لیے یہ سب سوچا ہے ہم نے اور اس میں سب کا حاضر ہونا لازمی ہے شکریہ" اسنے اپنی بات کی اور واپس اپنی جگہ پر بیٹھ گیا۔۔"بڈھی روح بھی پارٹی اور ریفریشمنٹ کے لیے کہہ رہا" انفا نے ہنستے ہوئے امثال سے کہا۔۔"بس کر دے سینیئر ہیں وہ ہمارے" امثال نے اسے ٹوکا۔۔"ہاں اب اتنے بھی سینیئر نہیں ہیں جتنے وہ سنجیدہ بنے ہوئے ہوتے ہیں ایسا لگتا جیسے ہم سب کے دادا ہوں ہر بات پے ٹوکتے رہتے نہ ہنسی آتی ہے نا ہی سیدھے منہ بات کرتے کسی سے" انفا نے کہا۔۔"بس ہر کسی کی اپنی پرسنیلٹی ہوتی ہے ہمیں کوئی رائٹ نہیں ہم ان کے بارے میں اتنا بولیں" امثال نے کہا۔۔"ہاں بی بی غلطی ہو گئی تجھ سے تو بات کرنا فضول ہے لیکچر شروع ہو گیا تیرا" انفا نے کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کر دیا انفا تم نے" امثال نے اپنے کپڑوں کی طرف دیکھتے ہوئے" کہا۔۔"سوری میں نے جان بوجھ کر نہیں گرایا تم پر" انفا واقعی شرمندہ ہوئی تھی۔۔انفا کے ہاتھوں سے امثال پر کولڈ ڈرنک گر گئی تھی۔

"اچھا میں واش کر کے آتی ہوں" امثال نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔"میں چلوں؟" انفا نے پوچھا" نہیں میں چلی جاوں گی" امثال نے کہا۔۔اور وہ بار بار اپنے کپڑوں کو دیکھ کر چل رہی تھی جب وہ کسی وجود سے ٹکرائی اور اسے لگا وہ گرنے ہی والی ہے جب کسی نے اسے بانہوں میں پکڑ لیا ان دونوں کی آنکھیں ایک دوسرے سے ملی تو بس وہ ایک دوسرے کو دیکھتے ہی رہ گئے۔کافی وقت سے وہ ایسے ہی گم تھے جب اسکے فون پر پھر سے کال آئی تھی جس سے بات کرنے کے لیے وہ ہجوم سے باہر آیا تھا۔اسنے امثال کو واپس چھوڑ دیا اور فون کان پر رکھتے ہوئے وہاں سے نکل گیا۔۔امثال نے جب تک جود کو سمبھالا وہ وہاں سے دور جا چکا تھا۔۔" سنیں بات سنیں" امثال کہہ کر اسکے پیچھے جانے لگی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تقریبا بھاگتے ہوئے اس کے سامنے جا رکی اور تھوڑی دیر رک کر سانسیں بحال کرنے لگی۔۔اس نے فون کان سے ہٹائے بغیر امثال کی طرف بھنویں اٹھا کر دیکھا جیسا کہ پوچھنا چاہ رہا ہو کیا بات ہے۔۔"وہ میں کہہ رہی تھی تھینک یو آپ نے مجھے گرنے سے بچا لیا"امثال نے اسکے پیچھے یہاں تک آنے کی وجہ بتائی۔۔"ہمم"وہ مختصر سا جواب دے کر آگے بڑھ گیا اور امثال وہاں حیران و پریشان کھڑی رہ گئ۔۔"توبہ اتنی اکڑ جواب ہی نہیں دیا سہی سے انفا ٹھیک کہتی ہے کسی سے بھی سیدھے منہ بات نہیں کرتے اور نا ہی کبھی ہنستا دیکھا ہے بڑی اکڑ ہے آپ میں حماس صاحب"وہ بڑبڑاتی ہوئی آگے نکل گئ۔۔

امثال واپس آئ تو اسکا موڈ کافی چینج تھا انفا نے بھی یہ نوٹس کیا تھا۔۔"کیا کچھ ہوا ہے"انفا نے خود ہی بات شروع کی تھی۔۔"ہاں وہ ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں مسٹر کھڑوس (انفا نے حماس کا یہ نام رکھا ہوا تھا) سارا موڈ خراب کر دیا۔۔ انہیں شاید لگ رہا ہو گا کہ میں انکے پیچھے آئی ہوں اس لیے زیادہ بن رہے تھے" امثال نے انفا کو ساری بات بتائی۔۔ "ہاہاہاہا۔۔۔ اب پتا لگا تمہیں میں جو کہتی تھی کہ وہ کھڑوس ہے تب مجھے منع کرتی تھی" انفا نے امثال کی جیسی شکل بنی ہوئی دیکھی اسکے لیے ہنسی روکنا مشکل ہو رہا تھا اور ہنسی روکنے کی وجہ سے اسکا چہرہ سرخ ہو چکا تھا۔۔ انفا کا قہقہ ایک بار پھر بلند ہوا۔۔ "اب بس کرو زیادہ ہنسنے کی ضرورت نہیں ہے" امثال نے کہا۔۔ "اچھا سوری کچھ زیادہ ہی ہو گیا" انفا امثال کی طرف دیکھ کر یک دم سیریز ہوئی تھی۔۔

جب وہ پارٹی سے واپس گھر گئی تو سب بہت پریشان تھے اور اس بات پر ہونا بھی چاہیے۔۔ "امی پلیز بتائیں کیا بات ہوئی ہے کم از کم مجھ سے تو نا چھپائیں" امثال نے پریشانی سے اپنی ماں کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی امی نے شروع سے لے کر آخر تک ساری بات اسے بتائی اور یہ سن کر تو اس کے ہوش اڑ گئے وہ ہر ایک لفظ سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ کیا واقعی یہ ہو گیا تھا امثال یہ سب سن کر ایک ہی جگہ ساکت ہو گئی تھی جب اسکی امی نے اسکی یہ حالت دیکھی تو بولیں "امثو پریشان نا ہو کوئی بات بھی زیادہ سر پر سوار کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہیں اور تمہارے بابا سب سنبھال لیں گے" آمنہ صاحبہ نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے تسلی دی۔۔"جی میں ٹھیک ہوں" امثال نے مشکل سے اتنی آواز نکالی تھی اور اسکی آنکھیں بھر آئیں تھیں اس سے پہلے کہ اسکے آنسوں نکلتے وہ دوڑ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔ آمنہ صاحبہ بھی اسکے پیچھے جانے لگیں جب امثال کے بابا نے یہ کہہ کر روکا "بیگم بچی کو کچھ دیر اکیلا چھوڑ دیں ابھی اس سے کوئی بات نا کریں وہ اس حالت میں نہیں ہے"۔۔۔وہ بھی انکی بات مان کر رک گئیں انہیں بھی یہی ٹھیک لگ رہا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبح جب آمنہ بیگم اسکے کمرے میں داخل ہوئیں تو کمرے کی لائٹ ابھی تک آف تھی وہ لائٹ آن کرتے کمرے میں داخل ہوئیں "ابھی تک نہیں اٹھی تم اٹھ جاو میرا بیٹا" انہوں نے چیئر گھسیٹ کر اپنی مطلوبہ جگہ پر رکھی اور بیٹھتے ہوئے کہا۔۔ لیکن اسکی طرف سے کوئی جواب نا آیا۔ جب انہوں نے امثال کے ہاتھ کو پکڑ کر اسے جگانے کی کوشش کی تو وہ ٹھٹھک گئیں اسکا جسم تپ رہا تھا اور وہ ہلکی ہلکی کانپ رہی تھی۔۔ پوری رات رونے کی وجہ سے اسکی یہ حالت ہو گئی تھی۔۔ آمنہ صاحبہ کو اس سب کی امید نہیں تھی انہیں لگا تھا ایک بات ہی تھی وہ بھول جائے گی لیکن یہاں تو الٹا ہوا تھا۔ تیز بخار کی وجہ سے وہ بیہوش تھی۔۔ اسکے گھر والے اسے ہسپتال لے جا رہے تھے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چیئر پر بیٹھا تھا اور پاکٹ سے فون نکال کر کسی کو کال ملائی اور فون کان پر رکھ لیا۔ "مس امثال اگر آ گئی ہیں تو میرے کمرے میں بھیج دو" حماس نے کہا۔۔ "جی سر ابھی تک تو وہ نہیں ائیں" سامنے والے نے جواب دیا۔۔ اسنے منہ بگاڑتے ہوئے فون کان سے ہٹایا "ہر آئے روز بغیر بتائے غیر حاضر" اسنے خود کلامی کی۔۔۔ اور کمرے سے نکل گیا۔۔ تھوڑی دیر بعد فون کان پر لگائے پھر سے کمرے میں داخل ہوا چیئر کے پیچھے کھڑا ہو گیا۔۔ "افف تیری کال بھی اٹینڈ نہیں کر رہی" اس نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے پھر سے خود کلامی کی۔۔ وہ بھی اتنی جلدی ہار ماننے والا کب تھا پھر سے کال کی اس بار کال جلد ہی اٹھالی گئی تھی اور اس نے بولنا شروع کر دیا "یہ کوئی طریقہ نہیں ہے امثال صاحبہ اس ویک میں آپ دو دن پہلے بھی غیر حاضر رہی ہیں اور آج بھی بغیر بتائے ابھی تک نہیں آئیں یہ ہسپتال ہے اسکے کوئی رولز ہیں ہر کسی کی ڈیوٹی کا ایک ٹائم مقرر ہے۔۔ ڈاکٹر صاحبہ this is not a way اسنے اپنی بات ختم کی۔۔ "بیٹا امثال کی طبیعت خراب ہے اسلیے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج نہیں آسکی ڈیوٹی پے" انہوں نے بھیگی آواز میں کہا۔۔فون آمنہ صاحبہ نے اٹھایا تھا۔۔وہ اپنی باتوں پر شرمندہ ہوا تھا اس طرح بغیر کچھ سنے شروع ہو گیا تھا۔۔"اچھا آنٹی اللہ اسے صحت دے جب تک وہ ٹھیک نا ہو جائے آپ ڈیوٹی کی فکر نا کریں" حماس نے کہا۔۔"جی بیٹا خوش رہو" آمنہ صاحبہ نے کہہ کر کال کاٹ دی تھی۔۔۔

اسکا بخار اترنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا ڈاکٹرز بار بار یہی کوشش کر رہے تھے کہ کسی طرح بخار کنٹرول ہو تو کوئی ٹریٹمنٹ شروع کریں۔۔سب بہت پریشان تھے امثال کی بہن بھی ہسپتال آگئی تھی۔۔" مجھے کیا پتہ تھا کہ وہ یہ بات اتنی دل پر لے لے گی میں اسے اکیلا نا چھوڑتی تو اسکی یہ حالت نا ہوتی" آمنہ صاحبہ بار بار خود کو ملامت کر رہی تھیں۔۔"امی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پلیز آپ ایسا نا کہیں آپ کی اس میں کوئی غلطی نہیں ہے آپی جلد ٹھیک ہو جائیں گی انشاءاللہ" ارفع بار بار انہیں تسلی دے رہی تھی۔۔

دو دن بعد اسکی کنڈیشن کچھ ٹھیک ہوئی اور اسے ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔۔ گھر میں سب اسکا بہت خیال رکھ رہے تھے۔۔ "کیسی ہے میری بیٹی اب؟" حسین صاحب نے امثال کے ساتھ بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔ "ٹھیک ہوں بابا جانی آپ فکر نا کریں" امثال نے ہنسنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔۔ "سلامت رہو۔۔ اور میری ایک بات یاد رکھنا جب تک میں ہوں تمہیں کسی بات کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے تم بے فکر ہو جاو بابا ہیں وہ سب ٹھیک کر دیں گے" حسین صاحب نے امثال کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔ "جی بلکل میرے بابا سب سے بیسٹ ہیں میرے سپر ہیرو" امثال نے اپنے بابا کا ہاتھ چومتے ہوئے کہا حسین صاحب نے اسے مسکرا کر دیکھا۔۔ اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمرے سے باہر جانے لگے ارفع دروازے میں کھڑی سب باتیں سن چکی تھی "ہاں ہاں صرف وہ ہی آپکی اچھی بیٹی ہے میں تو جیسے کہیں ہوں ہی نہیں" ارفع نے حسین صاحب اور امثال کے قریب آتے ہوئے کہا۔۔ "ہاہاہا نہیں بیٹا تم تو میری سب سے پیاری بیٹی اور بلکہ میری بیٹی نہیں بیٹا ہو" حسین صاحب نے اسکی طرف دیکھ کر کہا۔۔ اب ارفع امثال سے مخاطب ہوئ "آپی آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں پہلے کی طرح ورنہ میں تو بور ہی ہو جاتی ہوں"۔۔ "جی میری جان میں جلد ہی ٹھیک ہو جاوں گی بس تم دعا کرو" امثال نے کہا۔۔ "ہاں دعا آپ کے لیے نہیں کروں گی تو اور کس کے لیے کروں گی میری پیاری آپی" ارفع نے اسکے گال کو چھوتے ہوئے مسکرا کر کہا۔۔ "اب تم کچھ زیادہ ہی مکھن نہیں لگا رہی!!" امثال نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ اس بات پر بھی ارفع ہنسنے لگی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امثال کو آتا دیکھ انفا اس سے کہنے لگی "ڈاکٹر صاحب اتنی جلدی کر لیا ریسٹ کر لیتی کچھ دن اور"۔۔"بس کر دو یار گھر join پھر سے میں امی بابا اور یہاں تم شروع ہو گئ ایک ہفتہ تو ریسٹ کیا ابھی اور بھی کرتی میں ٹھیک ہوں اب" امثال نے کہا۔۔"اوکے جیسے تمہیں ٹھیک لگے" انفا نے کہا۔۔

کا چیک اپ کر رہی تھی۔۔حماس بھی اسی پیشنٹ کو دیکھ رہا patient وہ تھا جب امثال نے چیک اپ کر لیا تو وہ جانے لگی۔۔"رکیں امثال صاحب" حماس بھی اسکے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔۔امثال نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور رک گئ "یس!" امثال نے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔"اب آپ کی طبیعت کیسی ہے؟" حماس نے پوچھا۔۔

"جی اللہ کا شکر ہے۔۔ڈاکٹر حماس صاحب پوچھنے کا شکریہ" امثال نے بھنویں اٹھا کر اسی کے انداز میں کہا اور جانے لگی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حماس کو لگا جیسے وہ اس پر طنز کر رہی ہو۔۔"جی لگ تو ٹھیک ہی رہیں ہیں ٹھیک ہی ہونگیں اس لیے تو ڈیوٹی پر آئی ہیں میں تو بس رسما ہی پوچھ رہا تھا آپ کو سہی سے جواب نہیں دینا تو نا دیں"حماس نے کندھے اچکا کر کہا وہ بھی کہاں چپ رہنے والا تھا۔۔"ہاں تو آپ کو میرا اس طرح بولنا غلط لگا تو اپنے بارے میں کیا خیال ہے آپ کا!!خیر میرے ٹائم نہیں ہے میں جا رہی"امثال نے اس بار اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔حماس اسکے اس رویے سے کافی حیران ہوا۔ چپ چاپ سی رہنے والی امثال اب دو ٹوک جواب دینے لگی تھی۔۔

یار کہاں رہ گئی تھی کب سے تمہارا ویٹ کر رہی ہوں تم نے کہا تھا نا کہ لنچ بریک میں ملو گی"انفا نے امثال کو کال کر کے کہا۔۔وہ امثال کا کافی دیر سے ویٹ کر رہی تھی۔۔"کہاں تھی اپنی دیر سے!"انفا نے امثال کو چیئر پر بیٹھتے دیکھا تو فورا بولی۔۔"کچھ نہیں یار بس ڈاکٹر حماس مل گئے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

راستے میں میں تو یہاں ہی آ رہی تھی" امثال نے کہا۔۔" اووہ خیریت ہے آج کل آپ دونوں کی کچھ زیادہ ہی باتیں نہیں ہو رہیں" انفا نے مسکرا کر کہا۔۔" نہیں اصل میں" امثال نے انفا کو حماس اور اسکے بیچ ہونے والی ساری باتیں بتائیں۔۔" اچھا تو تم نے منہ پے ہی کہہ دیا انہیں" انفا نے حیران ہوتے ہوئے کہا۔۔" ہاں تو جس لہجے میں وہ بات کرتے ہیں وہ پتہ نہیں ہے انہیں اور ویسے بھی میں ان سے اس لہجے میں بات نہیں کرنا چاہ رہی تھی وہ تو یک دم پارٹی والی بات یاد آئی تو مجھے پتا نہیں کیا ہو گیا۔۔جو بھی کہا ٹھیک ہی تو کہا" امثال نے اسے پوری بات بتائی۔۔" ہم پھر بھی خیال کیا کرو یہ ہسپتال ڈاکٹر حماس اور انس کا ہے کہیں۔۔۔" انفا نے بات ادھوری چھوڑی۔۔" تو کیا کریں گے زیادہ سے زیادہ نوکری سے نکال دیں گیں نکال دیں" امثال نے کہا۔۔" واہ کافی چینج آیا ہے تم میں" انفا نے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔" ہاں بننا پڑتا ہے اس واقعے کے بعد میں کمزور پڑ گئی تھی لیکن اب میں کمزور نہیں بننا چاہتی۔۔مجھے اپنے گھر والوں کے لیے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سٹرونگ بننا ہے" امثال نے کہا۔۔" بلکل میری دوست بلکل کمزور نہیں ہے" انفا نے اسکی پشت پر تھپکی دی۔۔" ہمم" امثال نے لمبی سانس لیتے ہوئے کہا۔۔اور وہ دونوں چائے پینے لگیں۔۔

آگئ ہیں آپی آپ!" ارفع نے امثال کو بیٹھتے ہوئے دیکھا تو کہا۔۔" نظر" آرہی ہوں!!۔۔ تو اسکا مطلب آگئ ہوں نا تم بھی آتے ہی کیسے سوال پوچھنا شروع کر دیتی ہو" امثال نے بیزاری سے کہا۔۔" ہاں لیکن میں وہ۔۔۔" ارفع نے اپنی بات پوری نہیں کی تھی جب امثال پھر سے بولی" پانی ہی پلا دو تھک گئ آج میں تو" امثال نے لمبی سانس لیتے ہوئے کہا۔۔

" جی میں لاتی ہوں" ارفع نے کہا اور وہاں سے چلی گئ۔

اور کچن میں پانی بھرتے ہوئے بڑبڑانے لگی" یہ کوئ ایسی بات تو نہیں تھی جو آپی نے ایسے ری ایکٹ کیا پتا نہیں کیوں آج کل چڑچڑی ہو گئ ہیں سیدھی بات کا بھی الٹا جواب دیتی ہیں ہنہہ" اسنے منہ بگاڑ کر کہا۔۔اور

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارفع اپنی جگہ ٹھیک ہی تو تھی امثال واقعی ایسی ہو گئ تھی یا الٹا جواب دیتی یا ہر وقت غصے میں ہی رہتی تھی۔۔ کوئ بات تھی جو وہ اپنے اندر چھپا رہی تھی۔۔ لیکن اوپر اوپر سے ایسے دیکھاتی تھی جیسے وہ بلکل ٹھیک ہے۔۔

اسکا فون کب سے بج رہا تھا وہ واشروم میں تھی۔۔ جب وہ فریش ہو کر آئ تو کوئ 10 20 کالز آ چکی تھیں اور اب کال آنا بند ہو گئ تھی۔۔ وہ فون اٹھا کر کمرے سے باہر چلی گئ کمرے میں ارفع سو رہی تھی اور وہ اسے تنگ نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔ "السلام علیکم!! تم کہاں تھی کب سے؟" حورین (امثال کی بچپن کی دوست) نے فون اٹھاتے ہی سوال کیا۔۔ "وعلیکم السلام یار میں واشروم تھی۔ تم نے تو اتنی کالز کر دی تھوڑا صبر بھی کرتے ہیں" امثال نے کہا۔۔ "اچھا اچھا مجھے زیادہ نا سیکھاو۔ یہ بتاو کیسی ہو؟" حورین نے پوچھا۔۔ "مطلب تم نہیں سدھرو گی میں ٹھیک ہوں تم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سناو"امثال نے ہنستے ہوئے کہا۔۔اس سے بات کر کے امثال کا موڈ ہمیشہ ٹھیک ہو جاتا تھا ہوتا بھی کیوں نا وہ اسکی بچپن کی دوست جو تھی۔۔ "ہاں میں تو ایسی ہی رہوں گی میں بلکل فٹ"حورین نے کہا۔۔اور باتیں ہو رہی تھیں کب سے ایک دوسرے سے بات نہیں کی تھی اور آج ان دونوں کی باتیں جتم ہی نہیں ہو رہی تھیں۔۔"ہاں جس لیے میں نے کال کی تھی وہ تو رہ ہی گئ تمہاری شادی کب ہے جب لاسٹ ٹائم ہماری بات ہوئ تھی تم نے کہا تھا 1 ماہ بعد"حورین نے کہا۔۔"آآآ۔۔۔شش شادی" امثال نے خشک ہوتے ہونٹوں پر زبان پھیری اور وہ ٹیرس پر کھڑی تھی یہ بات سنتے ہی کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گئ۔۔"ہاں شادی میں نے سوچا آج کل میں ہو گی شاید اور تم مجھے کارڈ دینا بھول گئ ہو گی"حورین نے مزاحیہ انداز میں کہا۔۔"نہیں تو ابھی نہیں ہے"امثال نے مختصر سا جواب دیا۔۔"اچھا تو دیر کیوں ہو گئ!!پھر کب ہے؟"حورین نے اور سوال پوچھے۔۔"اچھا چھوڑو یہ سب تم یہ بتاو آجکل کیا کر رہی ہو؟"امثال نے بات چینج کرنے کی کوشش کی۔۔"میں وہی جو پہلے کرتی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر رہی تم نے میری بات کا جواب نہیں دیا کوئی بات ہے جو تم مجھے نہیں بتا رہی بتاو پلیز" حورین نے پھر سے وہی بات کی۔۔۔امثال کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا اب وہ اور زیادہ چپ نہیں رہ سکتی تھی۔۔"نہیں ہو گی شادی نا ابھی نا پھر کبھی" امثال نے زور سے کہا اور اسکی آنکھوں سے آنسوں بہنے لگے۔۔حورین نے اسکی آواز میں نمی محسوس کی۔۔"امثال پلیز ریلکس ہو جاو اور مجھے ساری بات بتاو" حورین نے التجایا انداز میں کہا۔۔امثال کچھ دیر چپ رہی شاید وہ خود کو ریلکس کرنے کی کوشش کر رہی تھی اور پھر آخر بول پڑی "میری منگنی ختم ہو گئی یا پھر یوں کہوں ختم کر دی گئی نا پہلے میری مرضی سے ہوئی تھی نا اب میری مرضی سے ختم ہوئی ہے۔۔بس پچھلی بار بھی چاچو آئے تھے منگنی کرنے اور اب ختم کرنے بھی وہی آئے" امثال نے کہا۔۔

"لیکن میری جان تم تو اسے پسند کرتی تھی اور یہ بات تو اسے بھی پتہ تھی پھر ایسا کیا ہوا کہ بات یہاں تک پہنچ گئی؟" حورین نے پوچھا۔۔"ہاں میں اس سے محبت کرتی تھی بلکہ عشق کرتی تھی جب منگنی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئی تھی تب تو نہیں کرتی تھی لیکن بعد میں ہو گیا عشق اور یہ بات اسے بھی پتہ تھی لیکن اسنے تو کوئی رسپانس نہیں دیا تھا نا کبھی کہا تھا کہ تم مجھے اچھی لگتی ہو یا نہیں بس وہ چپ ہی رہتا تھا اور اب چاچو نے یہ کہہ کر منگنی توڑ دی کہ میرے بیٹے کو کوئی اور پسند آ گئی ہے میں اسے پسند آ بھی کیسے سکتی تھی میں اس قابل ہی نہیں تھی نا" وہ اب زور زور سے رونے لگی تھی۔۔"اچھا ہوا منگنی ٹوٹ گئی وہ تمہارے قابل ہی نہیں تھا۔ اور امثال ایک بات یاد رکھنا اللہ پاک تمہیں اس سے بہترین سے نوازیں گے تم بس صبر کرو اور یقین رکھو۔ وہ تمہارے قابل نہیں ہو گا اسلیے اللہ نے اسے تمہاری زندگی سے نکال دیا۔" حورین اسے چپ کروانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔" بے شک مجھے یقین ہے اس پاک ذات پر۔۔ لیکن بندے تو کوئی کسر نہیں چھوڑتے" وہ اب رو نہیں رہی تھی جو رونا تھا اسنے رو لیا تھا۔۔۔"اچھا تو تم بتا رہی تھی کہ بیمار تھی پچھلے دنوں یقینا یہی بات ہو گی جس کے لیے خود کو ہلکان کیا" حورین نے کہا۔۔ "ہاں یہی بات تھی لیکن اب میں نے جتنا رونا تھا رو لیا اب میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے امی بابا لے لیے خود کو خوش رکھوں گی۔ مجھے یاد نہیں رکھنی ماضی کی تلخ یادیں" امثال نے کہا۔۔"ہاں اور یاد رکھنا بھی نہیں پلیز خود پر توجہ دو بھاڑ میں جائے وہ اور اسکی فیملی جس نے میری دوست کو اتنی تکلیفیں دیں"حورین نے کہا۔۔"ہاں میں یاد رکھنا بھی نہیں چاہوں گی۔۔ تم سے بات کر کے کچھ بوج کم ہوا"امثال نے کہا۔۔"ہم کوئی بھی بات ہو مجھ سے شیئر کر لیا کرو میں تمہارے لیے ہمیشہ فری ہوں گی۔ اچھا ابھی کافی رات ہو گئ ہے پھر بات ہو گی۔ اور ریلکس رہنا پلیز خود کو ڈیپریشن میں نا ڈال لینا او کے!! اللہ حافظ۔ خیال رکھنا اپنا۔"حورین نے کہا۔۔ "ہاں میں ریلکس ہی ہوں تم فکر نا کرو اللہ حافظ۔ شب بخیر"امثال نے کہا۔۔"شب بخیر"حورین نے کہہ کر کال کاٹ دی تھی۔۔امثال نیچے جا کر اپنے کمرے میں لیٹ گئ تھی اور اسے کچھ ہی دیر میں نیند آ گئ تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب امثال خود کو کافی حد تک ٹھیک کرنے میں کامیاب ہو گئ تھی اب وہ پہلی والی امثال لگتی تھی ہنسنے والی روٹھنے منانے والی۔۔۔وہ اب زیادہ توجہ اپنے کام پر اور گھر والوں پر دیتی تھی۔۔

وہ آج ہسپتال سے جلدی واپس آ گئ تھی۔۔امثال چائے پی رہی تھی اسے یک دم حورین کا خیال آیا تھا۔۔امثال اتنی مصروف ہو گئ تھی کہ اس دن کے بعد اسکی بات ہی نہیں ہوئ تھی حورین سے۔۔اسنے ساتھ پڑا فون اٹھایا اور حورین کا نمبر ڈائیل کر کے کان سے لگا لیا جلد ہی کال اٹھا لی گئ تھی۔۔"السلام علیکم!!کیا حال ہیں جناب"امثال نے شوخ لہجے میں کہا۔۔"وعلیکم السلام بلکل ٹھیک تم سناو"حورین نے کہا۔۔"اللہ کا شکر ہے تم بتاو کیا کر رہی تھی"امثال نے کہا۔۔"میں کچھ خاص نہیں ابھی جاب سے واپس آئ تم کیسی ہو سب ٹھیک ہے پھر اس بارے میں سوچ کر خود کو پریشان تو نہیں کیا!!!"حورین نے پوچھا۔۔"نا یار اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بارے میں سوچنے کا میرے پاس ٹائم ہی نہیں ہوتا نا میں سوچنا چاہتی ہوں اور ویسے بھی آج کل انفا کو کچھ کام ہے وہ شہر سے باہر گئی ہوئی ہے تو اسکی ڈیوٹی بھی میں کر رہی ہوں آجکل" امثال نے چائے کا کپ میز پر رکھتے ہوئے کہا۔۔"گڈ سوچنا بھی نہیں۔۔اچھا وہی انفا جو تمہاری منگنی پر آئی ہوئی تھی؟"حورین نے پوچھا تھا۔۔"ہاں وہی انفا ہے"امثال نے کہا۔۔"اچھا اور سناو"حورین نے کہا۔۔ان دونوں نے باتیں کیں۔۔امثال اس سے بات کر کے ہمیشہ کی طرح فریش ہو گئی تھی۔۔۔

امثال کی ڈیوٹی تو ختم ہو گئی تھی لیکن اب وہ انفا کی کر رہی تھی۔۔وہ پیشنٹ کا صیک اپ کر رہی تھی جب اسنے حماس کو آتے دیکھا۔۔"ڈاکٹر حماس اس وقت لیکن اس وقت تو ڈاکٹر انس کی ڈیوٹی ہوتی ہے"امثال نے خود کلامی کی۔۔اسنے نے سوچا کہ وہ پوچھ لے کہ ڈاکٹر انس کی جگہ آج آپ کیوں آئے لیکن اسے پتہ تھا کہ وہ اسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیدھا جواب تو دے گا نہ نہیں بات گھما پھرا کے ہی کرے گا اور اس سے امثال کو غصہ آجاتا اور وہ بات دھری کی دھری رہ جاتی۔۔اس لیے اسنے فیصلہ کیا کہ وہ نہیں پوچھے گی۔۔

امثال اپنی ساری چیزیں سمیٹ رہی تھی اور موبائیل بھی پرس میں رکھا وہ اب گھر جانے کی تیاری کر رہی تھی جب اسنے حماس کو اپنی طرف آتے دیکھا۔۔"آ تو میری طرف ہی رہے ہیں کیا بات ہو سکتی ہے"اسنے سوچا۔۔حماس اب ہانیہ کے قریب آکر رک گیا۔۔"ڈاکٹر صاحبہ کیا آپ کو انس کی کال آئی؟"حماس نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔"نہیں تو۔۔لیکن کس لیے؟"امثال نے اس سے سوال کیا۔۔"انس کو کوئی کام تھا تو وہ آج ہسپتال نہیں آسکا۔پیشنٹس تو میں نے دیکھ لیے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ کل پارٹی ہے تو تیاریاں تو ساری میں نے کر لی ہیں لیکن میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چاہتا ہو کہ ہر بار کچھ نیا ہو انس نے کہا کہ میں امثال کو کال کر کے کہہ دیتا ہوں وہ تمہاری مدد کر دے گی" حماس نے پوری تفصیل سے بات بتائی۔۔۔"میں!!" امثال نے کہا۔۔"جی ابھی یہاں آپ کے علاوہ کوئی اور موجود ہے کیا!!۔۔اگر آپ چاہیں تو میں آپ کی بات کروا دیتا ہوں انس سے" حماس نے پاکٹ سے موبائیل نکالتے ہوئے کہا۔۔"نہیں میرا وہ مطلب نہیں تھا میں آپکی مدد کے لیے تیار ہوں گھر کال کر کے بتا دوں" امثال نے اسے کال ملانے سے روکتے ہوئے کہا۔۔وہ حماس کی بات نا مانتی لیکن کیوں کی انس نے کہا تھا تو وہ یہ بات ٹال نہیں سکتی تھی۔۔آخر وہ اسکا اتنا اچھا بھائی بنا ہوا تھا۔۔امثال نے گھر کال کر کے بتا دیا تھا کہ وہ آج لیٹ ہو جائے گی۔۔"تو آپ کیا چاہ رہے ہیں کہ کس طرح کا کچھ نیا ہو کوئی گیم وغیرہ ہو یا کچھ اور؟" امثال نے حماس کے ساتھ چیئر پر بیٹھتے ہو پوچھا۔۔"ہاں گیم ٹائپ کچھ ہو" حماس نے جواب دیا۔۔"ہمم۔۔ہاں ایک گیم آئی ہے میرے دماغ میں۔۔یوں ہو سکتا ہے کہ کچھ پرچیاں بنائیں اور اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں جو لکھا ہو گا وہ کرنا ہو گا جو پرچی جس نے بھی چوز کی" امثال نے کہا۔۔

"ہم سہی ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ کون بنائے گا!!" حماس نے اسکی طرف دیکھ کر کہا۔۔ "اتنا ٹائم تو نہیں لگے گا اگر آپ چاہیں تو ہم دونوں بنا سکتے ہیں یا کسی اور سے بنوائیں آپکی مرضی ہے" امثال نے دیا ہے تو مدد بھی آپ idea کہا۔۔ "کسی اور سے کیوں جب آپ نے کریں" حماس نے کہا۔۔ آج حماس کا موڈ خاصا اچھا لگ رہا تھا پہلے کی نسبت وہ باتوں کا الٹا جواب نہیں دے رہا تھا۔۔ "اچھا تو پھر ان سب کے لیے چارٹس اور لکھنے لیے کچھ چاہیے ہو گا" امثال نے کہا۔۔

"لکھنے کے لیے تو پین وغیرہ مل جائیں گے لیکن چارٹس۔۔"

حماس کچھ سوچنے لگا اور یک دن بولا۔۔ "ہاں چارٹس بھی ہیں وہ پچھلی پارٹی کے لیے تھے اب بھی پڑے ہوں گے کچھ نا کچھ لیکن وہ پچھلی سٹور میں ہونگے" حماس نے کمرے کی پچھلی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔ اور دراز سے چابیاں نکالنے لگا۔۔ "آپ چل رہی ہیں یا سب کچھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہیں لے آوں؟"حماس نے جاتے جاتے پیچھے مڑ کر کہا۔۔

"نہیں وہاں ہی بنا لیں گے"امثال اس کے پیچھے پیچھے چلنے لگی۔۔۔

آخر کار سب کمپلیٹ ہو ہی گیا"امثال نے چیئر سے اٹھتے ہوئے" کہا۔۔"ہم اب ہمیں جانا چاہیے رات کافی ہو گئ ہے"حماس نے کہا۔ آسمان میں بجلی چمک رہی تھی آج موسم زبردست بنا ہوا تھا۔۔امثال جانے لگی اور دروازہ کھولا تو وہ نہیں کھل رہا تھا۔۔"یہ کیوں نہیں کھل رہا"امثال نے حماس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

"ہٹو میں دیکھتا ہوں"حماس نے کہا۔۔حماس کی لاکھ کوشش کرنے کے بعد بھی دروازہ نہیں کھل رہا تھا۔۔"مجھے لگتا ہے باہر سے کسی نے لاک کر دیا"حماس نے کہا۔۔"اب کیا ہو گا"امثال نے کہا۔۔حماس نے اسکے چہرے پر پریشانی کے تاثرات دیکھ لیے تھے۔۔"کچھ نہیں میں اللہ بخش (ملازم) کو کال کرتا ہوں وہ کھول دے گا تم فکر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناکرو"حماس نے کہا۔۔امثال کو کچھ تسلی ہوئی۔۔حماس بار بار کال کر رہا تھا لیکن کوئی اٹھا نہیں رہا تھا۔۔ " ohh shit اسے بھی اب بند ہونا تھا"حماس نے موبائیل کرسی پر تقریبا اچھالتے ہوئے کہا۔۔اسی وقت لائیٹ چلی گئ کمرے میں ہر طرف اندھیرا ہو گیا۔۔

امثال کو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا وہ اچانک لائیٹ جانے پر ڈر گئ تھی اور اسی وقت بادل گرجنے کی اتنی زوردار آواز آئ جیسے آسمان ابھی دو ٹکڑوں میں تمسیم ہو جائے۔۔امثال چیخ مار کر حماس کے کندھے سے چپک گئ وہ مسلسل کانپ رہی تھی حماس اپنے کندھے پر لگی ہوئ امثال کی کپکپاہٹ آسانی سے محسوس کر رہا تھا۔وہ اسکے ساتھ چپکی ہوئ تھی تو اسے ایک عجیب سا احساس ہو رہا تھا۔۔"ریلکس ہو جاو میں کچھ کرتا ہوں تمہارا موبائیل کہاں ہے مجھے دو پلیز"حماس نے اسکے بازو پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے تسلی دی۔۔امثال نے کندھے پر لٹکے پرس سے موبائیل نکال کر اسکی طرف بڑھایا حماس نے موبائیل کی ٹارچ لائیٹ آن کی تو کمرے میں کچھ روشنی ہوئ اور اب بادل بھی نہیں گرج رہے تھے بلکہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باہر تیز بارش کی آواز وہ دونوں سن سکتے تھے۔۔امثال کو اپنی حرکت کا احساس ہوا تو فوراً حماس سے دور ہوئ "سوری میں ڈر گئ تھی اسلیے گھبراہٹ میں یہ سب ہو گیا" امثال نے وضاحت دی اسے لگا کہ حماس کا لیکچر شروع ہو جائے گا اسکی اس حرکت پر "its ok i can understand".. لیکن حماس نے سنجیدگی سے جواب دیا وہ حماس کے اس رویے پر حیران ہوئ تھی اسی وقت امثال کا فون بجنے لگا تھا امی کالنگ سکرین پر جگمگا رہا تھا حماس نے فون مثل کے سامنے کیا۔۔رات بھی کافی ہو گئ تھی اوپر سے طوفانی بارش آمنہ صاحبہ کا پریشان ہونا بنتا تھا۔۔"مم میں اب کیا کہوں گی امی کو" امثال نے پریشانی سے کہا۔۔حماس نے امثال کی طرف دیکھا تو وہ ڈری ہوئ لگ رہی تھی حماس نے کال اٹینڈ کی "ہاں جی آنٹی امثال میرے ساتھ ہی ہے بس بارش ختم ہو جائے میں خود دراپ کر دوں گا اسے۔۔جی جی آنٹی آپ پریشان نا ہوں بیٹا بھی کہتی ہیں اور پریشان بھی ہوتی ہیں۔۔ہاں بس آپ دعا کریں بارش جلدی ختم ہوں پھر ہم نکلتے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوکے اللہ حافظ" حماس نے کہہ کر کال اینڈ کر دی۔۔اب مسئلہ یہ تھا کہ باہر کیسے نکلیں دروازہ ابھی تک باہر سے لاک تھا موبائیل تو تھا لیکن اس میں کدی ہسپتال کے ملازم کا نمبر نہیں تھا۔۔

حماس یہ سوچ رہا تھا کہ اب وہ کیا کرے۔۔

حماس سوچ رہا تھا کہ اب وہ کیا کرے۔۔اسکے دماغ میں کچھ آیا تھا اسنے اپنے موبائیل سے سم کارڈ نکال کر امثال کے فون میں ڈالا اور کسی کو کال کرنے لگا۔۔"اللہ بخش تم ابھی ہاسپٹل میں ہو یا گھر چلے گئے؟"

حماس نے کال اٹینڈ ہوتے ہی پہلا سوال یہی پوچھا۔۔"اچھا ہاسپٹل ہو ہاں کام ہے تو ہی تمہیں کال کی۔ایک کام کرو پچھلی سٹور ہے نا جسے ہم بہت کم استعمال کرتے ہیں اسکا دروازہ کھولنا ہے چابیاں تمہارے پاس ہونگی ڈبلیکیٹ" حماس نے کہا اور ایک آنکھ سے امثال کا جائزہ لینے لگا وہ پہلے سے کچھ بہتر لگ رہی تھی۔۔"تم یہاں پہنچو میں سب بتاتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوں تمہیں" حماس نے کہا۔۔اور امشال کے نزدیک جا کر کہا "سب ٹھیک ہے فکر نا کرو بس ابھی دفوازہ کھل جائے گا"۔۔امشال نے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔

اللہ بخش دروازہ کھول کر اندر آیا۔۔"ڈاکٹر صاحب جی آپ لوگ یہاں کیسے میں نے سمجھا آپ دونوں گھر کو روانہ ہو گئے ہونگے آپ کی ڈیوٹی تو ختم ہو گئ تھی نا صاحب جی" اللہ بجش نے آتے ہی اتنے سوال پوچھ لیے۔۔"ہاں لیکن کچھ کام تھا تو وہیں کر رہے تھے لیکن باہر سے کسی نے لاک کر دیا" حماس نے صفائ دی۔۔"وہ تو میں نے بند کیا تھا مجھے لگا کہ کوئ کال کرنا بھول گیا" اللہ بخش نے سر جھکاتے ہوئے کہا۔۔"کوئ بات نہیں تم نے جان بوجھ کر تو ایسا نہیں کیا" حماس نے کہا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حماس گاڑی امثال کے ساتھ آکر روک دی۔۔اور وہی بیٹھے ہوئے مخاطب ہوا"امثال صاحبہ آجاو میں آپ کو گھر تک چھوڑ آتا ہوں"۔۔امثال اس سے تھوڑے فاصلے پر کھڑی تھی"میں چلی جاوں گی"امثال نے جواب دیا۔۔"اس وقت وہ بھی طوفانی بارش کے بعد آپکے خیال میں کوئ ٹیکسی مل جائے گی!!!۔میں کوئ جن نہیں جو آپکو کھا جاوں گا(وہ مسکرایا تھا)۔۔جلدی کریں بارش پھر سے تیز نا ہو جائے"حماس نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا۔۔ابھی بھی تھوڑی تھوڑی بوندا باندی ہو رہی تھی امثال کو بھی اس وقت حماس کے ساتھ جانا ٹھیک لگا اور وہ دیر کیے بغیر بیٹھ گئ۔۔

امثال حماس کو گھر کا راستہ گائیڈ کر رہی تھی۔۔اندھیری رات میں ٹریفک نا ہونے کے برابر تھی گاڑی ایک سنسان روڈ پر رواں دواں تھی۔۔امثال بار بار دائیں بائیں دیکھ رہی تھی اسے ایک عجیب سا خوف ہو رہا تھا۔۔امثال کے پاوں میں کچھ چبھن ہو رہئ تھی شاید اسکی شوز میں کچھ چلا گیا تھا وہ یہی دیکھنے کے لیے نیچے کو جھکی جب حماس نے گاڑی کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یک دم رو کا۔۔ وہ ابھی اوپر کو اٹھتی اس سے پہلے ہی حماس گاڑی سے باہر نکل گیا تھا امثال نے جب سامنے کا منظر دیکھا تو اسکی آنکھیں کھلی رہ گئیں۔۔

مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے پتا نہیں کہاں ہو گی میری بچی اتنی دیر ہو گئ""" آمنہ بیگم بار بار یہ سوچ کر پریشان ہو رہی تھیں۔۔ "بیگم حوصلہ رکھو سب ٹھیک ہو گا" حسین صاحب انہیں تسلیاں دے رہے تھے۔۔ "کیسے حوصلہ رکھوں رات کے اس وقت جوان بیٹی گھر سے باہر ہے اور اب تو اسکا نمبر بھی بند ہے کچھ ہونا گیا ہوا اسکے ساتھ" آمنہ صاحبہ اب رونے لگی تھیں۔ "اللہ خیر کرے گا راستے ہیں ہو گی اور موسم بھی خراب ہے سگنل کا مسئلہ ہو گا بس تم دعا کرو" حسین صاحب نے کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سامنے کا منظر کچھ یوں تھا تین آدمیوں نے جنہوں نے منہ کو کپڑے سے ڈھانپ رکھا تھا حماس کو گھیرا ہوا تھا اور حماس ان تینوں کے درمیان میں کھڑا تھا۔۔ یہ سب دیکھ کر امثال کی چیخ نکل گئی۔۔ یہ سن کر ایک نقاب پوش نے دوسرے کو کہا" دیکھ زرا گاڑی میں کوئی اور بھی ہے"۔۔ دوسرا نقاب پوش امثال کو زبردستی دونوں بازوؤں سے پکڑ کر گاڑی سے باہر لے آیا۔۔ "چھوڑو مجھے چھوڑو کوئی ہے پلیز کوئی مدد کرے" امثال اب زور زور سے چلا رہی تھی۔ پہلا نقب پوش امثال کو گندی نظروں سے دیکھ رہا تھا یہ بات حماس نے بھی نوٹ کی تھی اور وہ بول پڑا تھا" یہ لے لو موبائیل اور بٹوا امثال تمہارے پاس بھی جو کچھ ہے انہیں دے دو" حماس پہلے تو ان سب سے مقابلا کرنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن جب وہ امثال کو پکڑ آئے تھے۔۔ حماس اب

ڈھیلا ہو گیا تھا اور جس نظروں سے وہ امثال کو دیکھ رہے تھے۔۔ اسے لگا تھا معاملہ زیادہ نا بگڑ جائے اس لیے وہ جلد ہی یہاں سے جانا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چاہتا تھا۔۔"ہم آئے تو مال لوٹنے تھے لیکن اب ارادہ بدل گیا ہے

بھائی بچی چیک کر" پھر اسی نقاب پوش نے امثال کے نزدیک جاتے

ہوئے کہا۔۔اس نقاب پوش کی آنکھوں میں عجیب چمک اتر آئی

تھی۔۔"رک جاو اس کے قریب بھی مت جانا ورنہ"

حماس یک دم چلا اٹھا تھا اور اسکی طرف بھاگنے ہی لگا تھا

جب دو نقاب پوشوں نے اسے پکڑ لیا۔۔امثال یہ سب دیکھ کر زار و

قطار روئے جا رہی تھی نقاب پوش اسکی طرف نڑھ رہا تھا اور وہ ڈر

کے مارے پیچھے جا رہی تھی۔۔حماس خود کو چھڑوانے کی پوری کوشش کر

رہا تھا جب ایک نقاب پوش نے اسکی بازو پر چھڑی مار دی اسکی

شرت کی بازو بھی پھٹ گئی تھی اور جون بہنے لگا تھا۔۔یہ سب دیکھ کر

حماس کو اور زیادہ غصہ آیا اسکی آنکھیں غصے سے لال ہو رہی تھیں۔۔

حماس نے ان دونوں کو جھٹک کر پیچھے گرایا اور خود گاڑی کی طرف

بھاگا۔۔ان سب کو لگا وہ گاڑی لے کر یہاں سے بھاگنے کی سوچ رہا ہے تینوں

نقاب پوش حماس کو بھاگتا دیکھ کر ہنسنے لگے۔۔اگلے ہی لمحے ہوائی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فائرنگ کی آواز سے وہ سب چونک گئے حماس نے پستول اب ان سب کی طرف کیا"امثال کو چھوڑ دو ورنہ تم سب کو گولی مار دوں گا"اسنے غراتے ہوئے کہا۔۔حماس کی آنکھوں میں اب وحشت اتر آئی تھی وہ سرخ انگارہ ہوتی آنکھوں سے ان کو دیکھ رہا تھا وہ سب بھی حماس سے اور اسکی اس حالت سے ڈر گئے تھے۔۔حماس نے ایک اور ہوائی فائرنگ کی اب کی بار وہ سب سامان اور امثال کو چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔۔حماس نے انہیں جاتے دیکھا تو دو تین اور فائر کیے وہ سب اب غائب ہو چکے تھے۔حماس پسینے سے بھیگ چکا تھا اور اسکا جسم تپ رہا تھا اس موسم میں بھی پسینہ شاید یہ سب غصے کی وجہ سے تھا۔۔وہ خود بھی اپنی حالت نہیں سمجھ پا رہا تھا کہ اسے اچانک کیا ہو گیا اسنے جود کو ریلکس کیا تو اسے پہلا خیال امثال کا آیا وہ سڑک کہ بیچوں بیچ بیٹی رو رہی تھی۔۔بارش اب تھم چکی تھی حماس امثال کے قریب گیا اور کہنے لگا"وہ سب چلے گئے سب کچھ ٹھیک ہے تم بس جلدی سے اٹھو چلتے ہیں پھر سے کوئی نا آ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جائے" اسنے امثال کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔ حماس نے ایک ہاتھ سے سڑک پر پڑا فون پرس اور بٹوا اٹھا اور دوسرے ہاتھ سے امثال کو سہارہ دے کر گاڑی تک لایا۔۔ وہ لوگ راستے میں تھے امثال بھی اب کافی ریلکس ہو چکی تھی وہ لوگ امثال کے گھر تک پہنچنے ہی والے تھے بس چند لمحوں کی بات تھی۔۔ امثال نے حماس کی طرف دیکھا جو گاڑی چلا رہا تھا اور اسکی بازو سے خون ابھی بھی بہہ رہا تھا اور وہ اس بات سے بے خبر گاڑی چلا رہا تھا" آپکی بازو سے خون نکل رہا ہے" امثال نے کہا۔۔ "ہمم وہ کٹ لگ گیا تھوڑا سا ٹھیک ہو جائے گا" حماس نے امثال کی طرف دیکھ کر کہا۔۔ کٹ کافی گہرا تھا امثال نے اپنے پرس سے رومال نکال کر اسکی بازو پر رکھ دیا لیکن گاڑی چلانے کی وجہ سے وہ بازو سے نیچے گر گیا۔۔ امثال نے رومال اٹھا کر اس بار حماس کی بازو پر باندھ دیا جس سے خون کا بہاو کم ہو گیا۔ اور اب تک وہ امثال کے گھر پہنچ گئے تھے ایک ہی دفعہ کھٹکھٹانے پر دروازہ کھل گیا آمنہ بیگم امثال کے گلے لگ گئیں اور اسے صحیح

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلامت دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔۔"بیٹا دیر کیوں ہو گئ" حسین صاحب نے امثال سے پوچھا۔۔"بابا وہ آپ کو پتا ہے نا بارش کے بعد پورے شہر کا کیا حال ہو جاتا ہے اس لیے آرام سے گاڑی چلائ تو دیر ہو گئ" امثال نے حماس کی طرف دیکھ کر کہا۔۔"جی انکل بلکل ایسا ہی ہوا" حما نے امثال کی ہاں میں ہاں ملائ۔۔"بیٹا تمہارا بہت شکریہ آو بیٹھو تو صحیح" حسین صاحب حماس سے مخاطب ہوئے۔۔"کوئ بات نہیں۔۔ نہیں انکل ابھی نہیں کافی لیٹ ہو گیا ہوں پھر کبھی ابھی اجازت دیں" حماس نے کہا۔۔

حماس چونکہ دروازے پر ہی کھڑا تھا اور اندھیرے کی وجہ سے امثال کے گھر والوں نے اسکی بازو پر لگا گھائو نہیں دیکھا تھا ورنہ اسکے متعلق سوال ضرور ہوتے۔۔ حماس اب اپنے گھر کی طرف روانہ تھا اسکے دماغ میں بار بار امثال کی باتیں اور جو وقت امثال کے ساتھ گزارہ سب یاد آرہا تھا اور اتنی دیر میں وہ گھر پہنچ گیا تھا۔۔ وہ آہستہ سے چلتا ہوا اپنے کمرے تک پہنچا اب تک سارے گھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

والے یقیناسو چکے ہونگے اس لیے وہ انکی نیند میں کوئی خلل نہیں دینا چاہتا تھا۔۔اس نے کمرے میں جاتے ہی پہلا کام اپنے موبائیل کو چارجنگ پر لگانے کا کیا۔۔وہ شوز اتار کر بیڈ پر نیم دراز ہوا تھوڑا سا دبائو بازو پر آیا تو درد ہونے لگا وہ پھر سے اٹھ بیٹا اور زخم پر پٹی کی اور چینج کر کے سو گیا۔۔۔

کب سے فون بج رہا تھا اسے آواز آرہی تھی لیکن اسکا اٹھنے کا دل نہیں کر رہا تھا رات بھی وہ کافی لیٹ گھر آیا تھا۔لیکن فون بند ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا "افف یار کیا مصیبت ہے صبح صبح کس کا دماغ خراب ہو گیا ہے" وہ آنکھیں کھولتے ہوئے بڑبڑایا۔۔وہ اٹھ بیٹھا اور سائیڈ ٹیبل پر ہاتھ گھما کر اپنا فون اٹھایا لیکن اسکے فون پر تو کسی کی کا نہیں آرہی تھی وہ اب اٹھ بیٹھا تھا اور صوفے پر امثال کا فون پڑا کب سے بج رہا تھا۔۔وہ کل رات امثال کو اسکا موبائیل واپس کرنا بھول گیا تھا اسنے صوفے کے ساتھ جا کر موبائیل اٹھا کر دیکھا تو سکرین پر حورین کالنگ جگمگا رہا تھا۔۔پہلے حماس نے سوچا کہ وہ کال نا اٹھائے لیکن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بار بار کال آ رہی تھی تو اسنے اٹینڈ کر ہی لی "ہیلو امثال کا فون میرے پاس رہ گیا تھا میں کچھ دیر میں ہاسپٹل جاوں گا تو وہ آپکو کال بیک کر لے گی" حماس نے کال اٹھا کر نان اسٹوپ بولنا شروع کر دیا۔۔ "اچھا لیکن اسکا فون آپکے پاس آپ کون ہیں؟" حورین نے پوچھا۔۔ "میں ڈاکٹر حماس ہوں" حماس نے جواب دیا۔۔ "اووہ اچھا ٹھیک ہے میں اسے 15 20 منٹ تک خود ہی کال کر لوں گی" حورین نے کہا۔ "اوکے" حماس نے کہا۔۔ اب تک کال کٹ گئ تھی۔۔

-

امثال آپکا موبائیل میرے پاس رہ گیا تھا اور کسی حورین کی کال آ رہی تھی آپ انہیں کال بیک کر لیجئے گا" حماس نے اسے موبائیل دیتے ہوئے کہا اور وہاں سے جانے لگا۔۔ "ڈاکٹر حماس تھینک یو ویری مچ" امثال نے کہا۔ "فاروٹ" حماس نے پیچھے مڑ کر کہا۔۔ "میری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حفاظت کرنے کے لیے" امثال نے کہا۔۔ "ہمم۔۔کیونکہ آپ میرے ساتھ تھیں تو آپکی حفاظت کرنا میرا فرض تھا اور اگر آپ کی جگہ کوئی اور ہوتا تو بھی میں یہی کرتا" حماس نے مسکرا کر کہا۔۔ "آپ کی بازو اب ٹھیک ہے!!" امثال نے پوچھا۔۔ "ہاں بہتر ہے" حماس نے جواب دیا۔۔ "پارٹی کی تیاریاں سب کمپلیٹ ہو گئ ہیں!" امثال نے کہا۔۔ "ہاں ہو گئ ہیں بس انس آئے تو دیکھے فائنل ٹچ وہ ہی دے گا" حماس نے کہا۔ "ہاں ایک اور بات آپ نے رات اپنے گھر والوں سے وہ روڈ والے وقعے کے بارے میں بات کیوں چھپائ مجھے پتا ہے آپ سے یہ بات نہیں پوچھنی چاہیئے لیکن مجھے تجسس ہو رہا تھا" حماس نے جاتے جاتے امثال سے سوال کیا۔۔ "اصل میں اگر میں انہیں یہ سب بتا دیتی تو بابا اور امی مجھے پھر سے کبھی جاب نہیں کرنے دیتے لیکن میں ایسا نہیں چاہتی تھی تو نہیں بتایا اگر ضرورت پڑی تو بتا دوں گی اس میں ایسی کیا بات ہے" امثال نے کہا۔ "ٹھیک" حماس نے کہا۔ اتنے میں امثال کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موبائل پر کال آنے لگی تو حماس وہاں سے چلا گیا۔۔"اچھا تم مجھے ایک بات بتاؤ یہ سب کیا ہوا کہ تمہارا موبائل ڈاکٹر حماس کے پاس رہ گیا بقول تمہارے وہ تو تم سے صحیح سے بات تک کرتا تھا" حورین نے اس سے پوچھا۔۔"اتنے سوال شروع کر دیتی ہو بتاتی ہوں" امثال نے کہا اور اسے سٹور روم سے لے کر گھر تک کی ساری کہانی بتائی۔۔"اچھا تو یہ بات ہے ویسے امثال تم انہیں کچھ زیادہ ہی کھڑوس سمجھتی تھی"حورین نے کہا۔"ہاں بس کبھی کبھی کچھ زیادہ ہی سیریئز اور خاموش رہتے ہیں باقی تو اچھے ہیں دل کے"امثال نے کہا

آآہاااکچھ زیادہ دل کے اچھے نہیں لگنے لگے تمہیں کہیں کچھ۔۔۔"حورین نے قہقہ" لگا کر کہا اور اپنی بات ادھوری چھوڑ دی۔۔"بس کر دو کیا بولے جا رہی ہو" امثال نے روہانسی انداز میں کہا۔۔"اچھا نہیں کہتی کیا ہو گیا"حورین نے کہا۔"پھر ٹھیک ہے بات ہو گی کل۔ابھی میں نے پیشنٹس دیکھنے ہیں پھر شام تک پارٹی پر جانا ہے۔اللہ حافظ"امثال نے کہا۔۔ "اچھا اللہ حافظ ٹیک کیئر"حورین نے کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امثال تیار ہو کر گھر سے نکلنے ہی والی تھی جب انفا کی کال آئی "کہاں ہو؟ ریڈی ہو گئی؟" انفا نے کال کرتے ہی پہلا سوال یہ پوچھا۔۔"ہاں ہو گئی بس گھر سے نکل ہی رہی ہوں 10 15 منٹ تک آجاوں گی" امثال نے کہا۔"اچھا تو تھوڑا ویٹ کر لو میں بس راستے میں ہوں تمہیں گاڑی پر پک کر لوں گی" انفا نے کہا۔"اچھا۔ میں آجاتی ٹیکسی سے۔ تم کہہ رہی ہو تو ویٹ کر لیتی ہوں" امثال نے کہا۔۔کال اینڈ ہو گئی تھی امثال اب بیٹھ کر شوز پہن رہی تھی کچھ ہی دیر میں انفا آگئی تھی اور امثال اس کے ساتھ منزل کی طرف رواں دواں تھی۔۔امثال نے وائٹ سمپل میکسی پہنی ہوئی تھی اور نارمل میک اپ کیا ہوا تھا تیکھے نین نقش کے ساتھ وہ واقعی قیامت ڈھا رہی تھی۔۔اور ہمیشہ کی طرح حجاب کرنا نہیں بھولی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اماں جی میرے وہ براون والے شوز کہاں ہیں کب سے ڈھونڈ رہا ہوں""

حماس نے اپنی اماں جان کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔۔"بیٹا مجھے کیا پتہ اب ان بوڑھی ہڈیوں میں جان نہیں ہے تم آخر شادی کیوں نہیں کر لیتے کب تک اکیلے رہو گے" اماں جی نے گٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھنے کی کوشش کی۔۔"اب پھر سے شادی کہاں سے آ گئی ان سب باتوں میں سب کچھ جاننے کے باوجود آپ ایسی بات کیسے کر سکتی ہیں پلیز مجھ سے پھر شادی کے بارے میں بات نا کیجئے گا۔ شوز ہی ہیں میں ڈھونڈ لوں گا" حماس نے کہا اور ہونٹ بھینچ کر کمرے سے نکل گیا۔۔جیسے اسے یہ بات بلکل پسند نا ائی ہو۔۔"کب اس لڑکے کو سمجھ آئے گی ساری زندگی اکیلے نہیں گزرتی یا اللہ تو اسے عقل دے" اماں جی نے اوپر دیکھ کر کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امثال اور انفا پارٹی میں پہنچ گئیں تھیں پہلے پہلے انہیں انس نظر آیا تو وہ اس کے پاس چلی گئیں "کیسے ہیں انس بھائی؟ جس کام کے لیے آپ نے چھٹی لی تھی ہو گیا!" امثال نے کہا۔۔ "فٹ ہوں ہاں کام ہو گیا۔ آپ دونوں سناو کیا حال ہے؟" انس نے امثال اور انفا سے پوچھا۔۔ "میں بھی ٹھیک ہوں" امثال نے اور انفا نے ایک ہی آواز میں کہا جس پر وہ تینوں ہنسنے لگے اپنے میں حماس بھی وہاں آ گیا تھا اور انس خود دیکھ کر اسکی طرف آ گیا "کیسے ہو buddy ؟" حماس نے انس سے گلے ملتے ہوئے کہا۔۔ "زبردست" انس نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ "اسلام علیکم" حماس نے امثال اور انفا کی طرف دیکھ کر کہا۔ دونوں نے سر ہلا کر سلام کا جواب دیا۔۔ حماس براون پینٹ کوٹ اور وائٹ شرٹ پہنی ہوئی تھی اور سفید رنگت میں وہ کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا۔۔ اسکی چھوٹی سی آنکھیں درمیانی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Pher Wohi Ishq | By Hafsa Malik (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناک اور چھوٹے سے ہونٹوں کے ساتھ بھی وہ دلکش لگ رہا تھا اسکی ایک اپنی ہی پرسنیلٹی تھی سب سے الگ۔۔۔

